QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 108 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ 29 اکتوبر 2025ء۔۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پروجیکٹ کے سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ کی توسیع کا کام کیا جارہا ہے جس کیلئے بجلی لائنوں کی شفٹنگ اور نئے کھمبوں کی تنصیب کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 30 اکتوبر (بروز جمعرات) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ، چشمہ، عمر، واسا اور تکا تو فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 31 اکتوبر (بروز جمعہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv اولڈ لیاقت بازار، نیو جان محمد، اولڈ جان محمد فیڈرز سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ اُسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے ملک پلانٹ، شہباز ٹاون فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 31 اکتوبر کے روز کوئٹہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے صاحبزادہ، نواں کلی بائی پاس فیڈرز جبکہ انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے عاصم آباد، سریاب مل، شاہنواز، ایف جی ایس، واسا، شموزئی اور انڈسٹریل فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت کے کاموں کیلئے 31 اکتوبر کو مستونگ گرڈ اسٹیشن کے سٹی ون، سٹی ٹو، کیڈٹ کالج، شہید نواب غوث رئیسانی ہسپتال اور سٹی تھری فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #